Saint Alphonsus

مالی معاونت: ٹرینٹی ہیلتھ ان تمام لوگوں کو نگہداشت، معالجہ اور خدمات کی فراہمی کے لیے پُر عزم ہے جو طبی ضرورت کی بنیاد پر ہمارے پاس آتے ہیں۔

وفاقی غربت کی سطح کی رہنمایانہ ہدایات کا یہاں پر جائزہ لیں

مالی معاونت کی پالیسی

- مالی مدد آپ کی آمدنی کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہے۔ اس کی وضاحت وفاقی غربت کی سطح کی رہنمایانہ ہدایات کو استعمال کر کے کی جاتی ہے۔
- اگر آپ وفاقی غربت کی سطح کے رہنمایانہ خطوط کا [200] فیصد یا اس سے کم کماتے ہیں تو آپ کو مکمل رعایت حاصل ہوسکتی ہے۔ اس کا اطلاق طبی طور پر ضروری خدمات پر ہوتا ہے۔
- اگر آپ وفاقی غربت کی سطح کے [201] فیصد اور [400] فیصد کے درمیان کماتے ہیں تو آپ کو جزوی رعایت حاصل ہوسکتی ہے۔
- ٹرینٹی ہیلتھ اہل مریضوں سے میڈیکیئر کی رعایتی شرح سے زیادہ اخراجات وصول نہیں کرے گی۔
- آپ کو کو پے، کو انشورنس اور قابل منہائی میں رعایت مل سکتی ہے۔ اگر آپ وفاقی غربت کی سطح سے [400] فیصد سے کم کماتے ہیں تو آپ کو امداد حاصل ہو سکتی ہے۔
- اگر آپ کو تباہ کن اخراجات کا سامنا ہے تو آپ کو رعایت حاصل ہو سکتی ہے۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب آپ کے طبی اخراجات آپ کی گزشتہ 12 ماہ کی آمدنی سے 20 فیصد سے زیادہ ہو۔ اس رعایت میں آپ کے کو پے بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ اس میں کو انشورنس اور قابل منہائی بھی شامل ہو سکتے ہیں۔

اختیاری (غیر ضروری) خدمات جیسا کہ کاسمیٹک سرجری مالی معاونت کے لیے اہل نہیں ہے۔

مالی معاونت کے لیے درخواست دینے کے لیے، درخواست مکمل کر کے جمع کروائیں۔ ٹرینٹی ہیلتھ مالی معاونت کی پالیسی اور درخواست ہسپتال کے ویب صفحہ Saint Alphonsus: Helping patients with medical financial services پر دستیاب ہے۔ آپ آپ کو نگہداشت موصول ہونے والی جگہ کا دورہ کر کے، انہیں میل کر کے یا کال کر کے یا Trinity Health Enterprise Patient Financial Services, 20555 Victor Parkway, Livonia, MI 48152 سے رابطہ کر کے پالیسی اور درخواست کی ایک مفت نقل طلب کر سکتے ہیں، 800-494-5797 پر ٹول فری کال کریں۔

ٹرینٹی ہیلتھ فائنانشل اسسٹنس پالیسی، درخواست اور سادہ زبان میں خلاصہ کا دیگر زبانوں میں ترجمہ کیا جاتا ہے اور ہسپتال یا درج بالا پیشنٹ فائنانشل سروسز شعبے سے رابطہ کر کے انہیں حاصل کرسکتے ہیں۔

فراہم کنندہ کی فہرست: ہسپتال کی عمارت میں ہنگامی یا طبی طور پر ضروری نگہداشت بہم پہنچانے والے فراہم کنندگان جو کہ ہسپتال کی فائنانشل اسسٹینس پالیسی کے تحت شامل ہیں، کی ایک فہرست آن لائن یا درخواست پر دستیاب ہے۔

قلیل مدتی اور طویل مدتی ادائیگی کے منصوبے: اگر آپ اپنا حصّہ ادا نہیں کر سکتے ہیں تو آپ قلیل مدتی یا طویل مدتی ادائیگی کے منصوبے کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ ٹرینٹی ہیلتھ کا قلیل مدتی ادائیگی کا منصوبہ سود سے پاک ہے۔ مریضوں کو چاہیے کہ وہ بقایاجات کو ایک سال کے اندر ادا کریں۔ اگر آپ جملہ بقایا جات کو ایک سال کے اندر ادا نہیں کرسکتے تو آپ طویل مدتی سود پر مبنی منصوبہ حاصل کر سکتے ہیں۔

مریض کی مالی خدمات: مالیاتی مشیر آپ کی مدد کے لیے دستیاب ہیں۔ وہ مالی معاونت کی درخواستیں مکمل کرنے کے سلسلے میں آپ کی مدد کریں گے۔ یہ اس بات کا تعین کرے گا کہ کیا مدد دستیاب ہے۔ اس میں میڈیکیڈ کے لیے اہلیت کی تشخیص شامل ہے۔

آپ کو جس جگہ نگہداشت حاصل ہوتی ہے، آپ وہاں مالیاتی مشیر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مالیاتی مشیر اس بات کے تعین میں مدد کر سکتا ہے کہ آیا آپ مالی مدد کے لیے اہل ہیں۔ مالیاتی مشیر مالی معاونت کی پالیسی، درخواست اور سادہ زبان میں خلاصہ کی مفت نقول بھی فراہم کر سکتے ہیں۔